آسٹریلیا نے دوسرے ٹی ٹونٹی میچ میں پاکستان کو 7 وکٹوں سے شکست دے دی

- پاکستان کی جانب سےافتخار احمد اور بابراعظم نے نصف سنچریاں اسکور کیں
- اسٹیو سمتھ کی جارحانہ بلے بازی، 80 رنز کی ناقابل شکست اننگز نے فتح میں کلیدی کردار ادا کیا

لاہور،5نومبر 2019ء:

آسٹریلیا نے پاکستان کو دوسرے ٹی ٹونٹی میچ میں 7وکٹوں سے شکست دے کر 3 میچوں کی سیریز میں 0-1 کی برتری حاصل کرلی ہے۔ پاکستان نے پہلے کھیلتے ہوئےمقررہ 20 اوورز میں6وکٹوں کے نقصان پر 150 رنز بنائے۔ افتخار احمد اور بابرا عظم نے نصف سنچریاں اسکور کیں۔ آسٹریلیا نے 151 رنز کا ہدف 3وکٹوں کے نقصان پر 9 گیندیں قبل حاصل کرلیا۔ اسٹیو سمتھ نے 51 گیندوں پر 80 رنز کی ناقابل شکست اننگز کھیلی۔

اس سے قبل پاکستان کے کپتان بابراعظم نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کرتے ہوئے کریز سنبھالتے ہی جارحانہ کھیل کا مظاہرہ کیا تاہم فخر زمان اور حارث سہیل کے جلد آؤٹ ہونے کے باعث قومی بیٹنگ لائن اپ دباؤ کا شکار ہوگئی۔ 29 رنز پر ابتدائی 2 وکٹیں گرنے کے بعدوکٹ کیپر بیٹسمین محمد رضوان ،کپتان بابراعظم کا ساتھ دینے میدان میں پہنچے مگر وہ بھی 14 کے انفرادی اسکور پر آؤٹ ہوکر پویلین واپس لوٹ گئے۔ مڈل آرڈر بلے باز آصف علی کے جلد آؤٹ ہونے کے بعد افتخار احمد اور بابر اعظم نے محتاط کھیل کا مظاہرہ کیا۔ دونوں کے درمیان 36 رنز کی شراکت اس وقت ٹوٹی جب کپتان قومی ٹی ٹونٹی کرکٹ ٹیم بابراعظم 38 گیندوں پر 50 رنز بنا کر رن آؤٹ ہوگئے۔ان کی اننگز میں 6 چوکے شامل تھے۔ اختتامی اوورز میں افتخار احمد نے برق رفتار بیٹنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے نصف سنچری اسکور کی۔ انہوں نےچھٹی وکٹ کے لیےعماد وسیم کے ہمراہ 40 رنز کی شراکت قائم کی۔34 گیندوں کا سامنا کرنے والے افتخار احمد نے 5 چوکوں اور 3 چھکوں کی بدولت 62 رنز کی ناقابل شکست اننگز کھیلی۔ مقررہ 20 اوورز میں پاکستان نے 6وکٹوں کے نقصان 150 رنز بنائے۔آسٹریلیا کی جانب سے آشٹن آگار نے 2جبکہ پیٹ کمنز اور رچرڈسن نے 1،1 وکٹ حاصل کی۔

151 رنز کے تعاقب میں میزبان ٹیم کی جانب سے ڈیوڈ وارنر اورایرون فنچ نے اننگز کے ابتدائی اوورز میں دھواں دھار کھیل کا مظاہرہ کیاتاہم 48 کے مجموعی اسکور پر دونوں اوپنرز پویلین واپس لوٹ گئے۔ ڈیوڈ وارنر 20 اور ایرون فنچ 17 رنز بنا کر آؤٹ ہوئےتیسری وکٹ کے لیے اسٹیو سمتھ اور مک ڈرموٹ کے درمیان58 رنز کی شراکت نے میچ میں آسٹریلیا کی گرفت مضبوط کردی۔ مک ڈرموٹ21 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئے تاہم اسٹیو سمتھ نے عمدہ کھیل کا مظاہرہ کیا اورذمہ دارانہ بیٹنگ کرتے ہوئے اپنی ٹیم کو فتح سے ہمکنار کردیا۔ اسٹیو سمتھ نے 11 چوکوں اور 1 چھکے کی مدد سے 80رنزکی ناقابل شکست اننگز کھیلی۔ آسٹریلیا نے مطلوبہ ہدف 48.3اوورز میں 3 وکٹوں کے نقصان پر حاصل کرلیاپاکستان کی جانب سے محمد عرفان، محمد عامر اور عماد وسیم نے 1،1 وکٹ حاصل کی۔

میچ میں شاندار کھیل کا مظاہرہ کرنے پر اسٹیو سمتھ کو مین آف دی میچ کا انعام دیا گیا۔

دونوں ٹیموں کے درمیان تیسرااور آخری ٹی ٹونٹی میچ8 نومبر کوپرتھ میں کھیلا جائے گا۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk